© rasailojaraid.com


# گوشہ انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی

مرتب: پروفیسر محمد مشتاق کلوٹہ، پروفیسر شائستہ سلطانہ، پروفیسر نصرت جہاں

## تقریب حلف برداری انجمن

طلبہ کی کردار سازی اساتذہ کی بڑی ذمہ داری ہے: مفتی فیروز الدین ہزاروی مشیر وزیر اعلیٰ سندھ

انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز سندھ کی حلف برداری کی تقریب سرسید گورنمنٹ گرلز کالج میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں دفاع پاکستان اور اساتذہ کی ذمہ داریاں کے عنوان سے تربیتی نشست کا اہتمام کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر مفتی فیروز الدین ہزاروی نے عہدیداروں سے حلف لیا۔ قبل ازیں تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت حافظ عامر حسن نے حاصل کی، جبکہ بارگاہ رسالت ﷺ میں ہدیہ نعت پروفیسر مفتی ثناء اللہ نے پیش کیا۔ انجمن کی افادیت و خدمات پر پروفیسر مفتی عمار نے روشنی ڈالی۔ مفتی فیروز الدین ہزاروی نے اپنے خطاب میں کہا کہ اسلامی روایات میں استاذ کو موثر اور مثبت مقام حاصل ہے۔ اس پیشے کے تقدس کا احساس رسول اللہ ﷺ کے فرمان: ''مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے'' سے آسانی سے ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ طلبہ کی صحیح کردار سازی کریں کیونکہ یہی طالب علم دفاع پاکستان کے لئے اہم کردار ادا کریں گے اور انہی کے کندھوں پر ملک کی باگ ڈور ہوگی۔ انجمن کے صدر پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی نے کہا کہ استاذ ہونا ایک لازوال نعمت اور عظیم سعادت ہے۔ انجمن کے نائب صدر پروفیسر محمد مشتاق نے کہا کہ معلم کے لئے تعلیم و تربیت و بنیادی عنصر ہے، جس کے بغیر تعلیم کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ (روزنامہ جنگ کراچی، ۲۴ اگست) (روزنامہ انتخاب نے بھی یہ خبر شائع کی)

## چوتھی سالانہ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد: جنگ کراچی

انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی سندھ کے زیر اہتمام چوتھی صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس ۲۳ جنوری ہفتے کی صبح دس بجے آرٹس کونسل میں منعقد ہوگی۔ کانفرنس کا موضوع اعتدال پسندی اور تبلیغ دین، سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں ہے۔ مہمان خصوصی وفاقی وزیر مملکت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



برائے مذہبی امور شگفتہ جمانی ہوں گی، جبکہ صوبائی وزیر تعلیم پیر مظہر الحق صدارت کریں گے۔ کانفرنس سے صوبائی وزیر اوقاف سندھ عبدالحسیب، بیگم نرگس این ڈی خان، صوبائی وزیر سماجی بہبود، مشیر وزیر اعلیٰ سندھ مفتی فیروز الدین ہزاروی، سیرت النبی ﷺ کے چیف آرگنائزر اور صدر انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، مولانا ڈاکٹر محمد اسعد تھانوی، مولانا مفتی عظمت اللہ بنوی، پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس آزاد، پروفیسر ڈاکٹر عبدالوحید اندھڑ، ڈاکٹر عمر حیات عاصم سیال، ڈاکٹر حافظ محمد ثانی، مولانا ڈاکٹر سعید احمد صدیقی، ڈاکٹر مخدوم محمد روشن صدیقی، ڈاکٹر سہیل شفیق، پروفیسر محمد مشتاق کلوٹہ، مفتی محمد عمار خان، پروفیسر محمد بلال، پروفیسر حافظ ثناء اللہ محمود، پروفیسر نسرین وسیم اور دیگر اسکالرز خطاب کریں گے۔ کانفرنس کے دو سیشن ہوں گے، اختتامی مرحلے پر مہمان خصوصی اور اسکالرز کو یادگاری شیلڈ، ایوارڈ اور اسناد پیش کی جائیں گے۔ (روزنامہ جنگ، ۲۲ جنوری)

## رپورٹ: چوتھی سالانہ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس

## بعنوان: "اعتدال پسندی اور تبلیغ سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں"

آرٹس کونسل کراچی، ۲۳ جنوری ۲۰۱۰ء کی روداد

**معاشرے سے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے تبلیغ دین کے سنہری اصول' اعتدال' تحمل و برداشت اور رواداری کو اپنانا ہوگا۔ صدر آصف علی زرداری**

**محسن انسانیت ﷺ نے تبلیغ دین کے لئے امن اور اعتدال کو بطور ہتھیار استعمال کیا جس سے کفر کا نام ونشان مٹ گیا: وزیر تعلیم پیر مظہر الحق**

**بھٹو نے ۱۹۷۶ء میں سیرت کانفرنس کا انعقاد کر کے بنیاد رکھی: وفاقی وزیر مملکت مذہبی امور شگفتہ جمانی**

**حضور ﷺ تمام دنیا کے لئے نمونہ بنا کر بھیجے گئے: وزیر سماجی بہبود بیگم نرگس این ڈی خان**

کراچی (پ۔ر) اسوۂ نبوی ﷺ اور سیرت طیبہ ﷺ ہمارے لیے روشنی کا مینار ہے۔ ملک

© rasailojaraid.com